# المختصر للقدوری کے ابواب کے لغوی و اصطلاحی معنی، اصطلاحات اور شرائط وغیرہ



**بیع مطلق** - لغوی معنی ایک شے کا دوسری شے کے بدلے تبادلہ کرنا
اصطلاحی معنی مبادلۃ المال بالمال بالتراضی

**حکم** - ملکیت کا حاصل ہونا یعنی بائع ثمن کا مالک بن جائے اور مشتری مبیع کا

**خیار شرط** - (اختیار کرنا - لغوی) بائع و مشتری کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ قطعی طور پر بیع نہ کریں بلکہ عقد میں یہ شرط کر دیں کہ اگر منظور نہ ہو تو بیع باقی نہ رہے گی

**حکم** - یہ ملکیت کو روکتا ہے

**خیار رؤیت** - کبھی ایسا ہوتا ہے کہ بغیر دیکھے بھالے چیز کو خرید لیتے ہیں اور خریدنے کے بعد وہ چیز ناپسند ہوتی ہے ایسی حالت میں شریعت مطہرہ نے مشتری کو اختیار دیا ہے کہ اگر خریدنے کے بعد وہ چیز نہ لینا چاہے تو بیع کو فسخ کر دے اسے خیار رؤیت کہتے ہیں

**حکم** - یہ بیع کے مکمل ہونے کو روکتا ہے

**خیار عیب** - لغوی معنی فطرت سلیمہ کا اس چیز سے خالی ہونا جس کے ساتھ اسے ناقص شمار کیا جائے اصطلاحی معنی کل ما اوجب نقصان الثمن فی عادت التجار فھو عیب یعنی جو چیز تاجروں کی عادت میں ثمن کی کمی کو واجب کر دے وہ عیب ہے -

**حکم** - یہ بیع کے لازم ہونے کو روکتا ہے

**بیع فاسد** - لغوی معنی خراب ہونا
اصطلاحی معنی وہ بیع جو اپنی اصل کے اعتبار سے درست ہو لیکن وصف کے اعتبار سے درست نہ ہو جیسے لونڈی کو بیع کرنا اس شرط پر کہ مشتری اسے ام ولد بنائے

**حکم** - قبضہ کرنے سے ملک حاصل ہو جاتی ہے

**بیع باطل** - لغوی معنی جدا ہونا اصطلاحی معنی وہ بیع جو اپنی اصل اور وصف دونوں اعتبار سے درست نہ ہو جیسے مردار کی بیع کرنا
آزاد

**حکم** - یہ ملکیت کا فائدہ نہیں دیتی

**بیع مکروہ** - لغوی معنی ناپسندیدہ
اصطلاحی معنی وہ بیع جو اپنی اصل کے اعتبار سے درست ہو اور وصف کے اعتبار سے بھی درست ہو لیکن منھی عنہ ہو جیسے بیع نجش

**حکم** - ایسی بیع کو توڑنا واجب ہے

**بیع موقوف** - وہ جو اپنی اصل اور وصف کے اعتبار سے درست ہو لیکن کسی تیسرے فرد کی اجازت پر موقوف ہو

**حکم** - اگر تیسرا شخص اجازت دیدے تو بیع تمام ہو جائے گی ورنہ نہیں

**ضربۃ القانص** - شکاری کا جال پھینکنا -
یعنی شکاری کہے میں جال پھینکتا ہوں اس میں جتنی مچھلیاں آئیں ہیں ان کی بیع کرتا ہوں

**بیع مزابنہ** - درخت پر لگی کھجوروں کی بیع کرنا اتری ہوئی کھجوروں سے اندازہ کے ساتھ

**القاء الحجر** - پتھر پھینکنے کے ساتھ بیع کرنا

**بیع ملامسہ** - مبیع کو چھونے کے ساتھ بیع کرنا

**منابذہ** - مبیع کو پھینکنے کے ساتھ بیع کرنا

**حکم** - یہ تمام جائز نہیں ہیں

**بیع نجش** - دھوکے کی بیع کرنا۔ بھائی کے سودے پر سودا کرنا اس غرض سے تاکہ بہ مہنگا بکے

**حکم** - سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع نجش سے منع فرمایا ہے

**اقالہ** - لغوی معنی بیع اٹھانا

اصطلاحی - متعاقدین کا بیع کو ختم کر دینا ثمن اول کے ساتھ

**حکم** - اقالہ کرنا جائز ہے

**مرابحہ** - لغوی معنی نفع دینا

اصطلاحی - زیادتی نفع کے ساتھ کسی چیز کو نقل کرنا (بیع کرنا)

**تولیہ** - لغوی معنی برابری

اصطلاحی - بغیر زیادتی نفع کے کسی چیز کو نقل کرنا

**الربو** - لغوی معنی مطلق زیادتی ہونا

اصطلاحی - ایسی زیادتی جو عوض سے خالی ہو اور معاوضہ میں متعاقدین میں سے کسی ایک کیلئے معیار شرعی کے ساتھ مشروط ہو

**حکم** - سود حرام ہے اسکی حرمت کا منکر کافر

**سود کے حرام ہونے کی علت قدر مع الجنس، وزن مع الجنس ہے اسکی چند صورتیں بنتی ہیں۔**

1۔ جب قدر اور جنس ایک ہو تو کمی بیشی حرام اور ادھار بھی حرام جیسے گندم کی گندم کے بدلے بیع کرنا

2۔ جب قدر اور جنس مختلف ہو تو کمی بیشی جائز اور ادھار بھی جائز ہے جیسے گندم کی بیع کرنا سونے کے ساتھ

3۔ جب قدر ایک ہو اور جنس مختلف ہو تو کمی بیشی جائز اور ادھار حرام ہے جیسے سونے کی بیع کرنا چاندی سے

4۔ جب جنس ایک ہو اور قدر مختلف ہو تو کمی بیشی جائز اور ادھار حرام جیسے ایک غلام کی بیع کرنا دو غلاموں کے بدلے۔

**بیع سلم** - لغوی معنی رب السلم کا سلامتی کے ساتھ راس المال حوالے کرنا
مسلم الیہ کو

اصطلاحی - کسی ایسی چیز کی بیع کرنا جسکی قیمت فوری ادا کی جائے اور وہ چیز مخصوص صفت کے ساتھ کسی وقت میں واجب الادا ہو

**حکم** - مسلم الیہ کیلئے راس المال کا مالک بننا اور رب السلم کا مخصوص مدت کے بعد مسلم فیہ کا مالک بننا

**اصطلاحات** -

رب السلم، مسلم — مشتری کو کہتے ہیں
مسلم فیہ — مبیع کو کہتے ہیں
مسلم الیہ — بائع کو کہتے ہیں
راس المال — ثمن کو کہتے ہیں

**بیع سلم کی شرائط** -

بیع سلم کی سات شرائط ہیں (قدوری میں جو ذکر ہوئی ہیں)

1. جنس معلوم 2. نوع معلوم 3. صفت معلوم
4. مقدار معلوم 5. مدت معلوم

6. راس المال کی مقدار کا علم ہونا جب عقد کا تعلق کیل سے ہو یا وزن سے یا عددی چیزوں سے

7. اس مکان یا جگہ کا ذکر کرنا جہاں پر چیز ادا کرنی ہے اس وقت جب اٹھانے والی اور مشقت والی ہو۔

**باب الصرف** - لغوی معنی پھیرنا

اصلاحی - ثمن کی ثمن کے بدلے بیع کرنا

**حکم** - عوضین پر قبضہ کرنا مجلس میں

دو شرائط (1) ادھار ناجائز ہر صورت میں
(2) عوضین متحد الجنس ہوں تو کمی بیشی حرام ہے ورنہ جائز ہے

## کتاب الرھن۔ لغوی معنی کسی شے کو روکنا

اصطلاحی۔ کسی شے کو روکنا اس حق کے بدلے میں جس حق کو اس رھن کی وجہ سے حاصل کرنا ممکن ہو۔

**حکم۔** رھن منعقد ہوجاتا ھے ایجاب و قبول کے ساتھ اور یہ مکمل ہوجاتا ھے قبضہ کرنے کے ساتھ۔

## کتاب الاقرار۔ لغوی معنی ثابت کرنا

اصطلاحی۔ اپنے اوپر لازم شدہ دوسرے کے حق کی خبر دینا

**حکم۔** جب عاقل بالغ آزاد نے اقرار کیا تو اس پر حق لازم ہو جائیگا اس کیلئے جس کے متعلق اس نے اقرار کیا۔ جو اقرار کیا ھے وہ مجہول ہو

## کتاب الاجارۃ۔ لغوی معنی عمل خیر کے بدلے کسی استحقاق کا مالک بننا

اصطلاحی۔ کسی عوض کے بدلے منافع کا مالک بننا

**حکم۔** طرفین بدلین کے مالک ہوجاتے ھیں مگر یہ ملک ایک دم حاصل نہیں ہوتی وقتاً فوقتاً حاصل ہوتی ھے

**اجیر کی دو قسمیں ھیں**

۱ **اجیر مشترک۔** وہ اجرت کا مستحق نہیں ہوتا حتی کہ وہ کوئی کام کرے جیسے کپڑے کو رنگنا اور دھوبی کا کپڑے دھونا وغیرھا

۲ **اجیر خاص۔** وہ اجرت کا مستحق ہوجاتا ھے اپنی نفس کو خاص مدت تک حوالے کرنے سے اگرچہ وہ اس مدت میں کام کرے یا نہ کرے جیسے بکریاں چرانے کیلئے اجرت پر رکھنا یا ایک ماہ تک خدمت کیلئے اجرت پر رکھنا

## اصطلاحات۔

**اجر، موجر، مواجر** مالک کو کہتے ھیں

**اجیر** جسکو اجرت پر رکھا ہو **مستاجر** جس نے اجرت پر کوئی شے لی ہو

**کتاب الشفعہ** - لغوی معنی ملانا

اصطلاحی۔ مشتری پر زبردستی کرتے ہوئے زمین کا مالک بننا اس مال کے عوض جتنے میں اس نے وہ چیز خریدی ~

**حکم** - جب اسکا سبب پایا جائے تو طلب کرنا جائز ہے اور گواہ بنانے کے ساتھ یہ موکد ہو جاتا ہے قاضی کے فیصلے کے ساتھ شفیع اس چیز کا مالک بن جاتا ہے ۔

**شفعہ کے حقدار** - شفعہ کے تین حقدار ہیں

۱ خلیط فی نفس المبیع ۲ خلیط فی حق المبیع ۳ جار (پڑوسی)

**کتاب الشرکت** - لغوی معنی ایک چیز میں دو کا شریک ہونا

اصطلاحی۔ عقد بین المتشارکین فی الاصل والربح ۔

**حکم** - شریکین میں سے کسی ایک کیلئے بھی یہ جائز نہیں کہ وہ دوسرے کی ملک میں تصرف کرے مگر اس کی اجازت کے ساتھ

**شرکت کی دو قسمیں ہیں ~**

۱ **شرکت ملک** - کسی معین شے کو دو شخصوں کا خریدنا یا کسی معین شے کا دو شخصوں کی ملک ہونا (یا انکا مالک بننا)

۲ **شرکت عقد** - دو شخصوں میں سے ایک دوسرے کو کہے کہ میں تجھ سے اتنے پیسوں کے بدلے شرکت کرتا ہوں دوسرا کہے میں نے قبول کیا

**شرکت عقد کی چار قسمیں ہیں**

۱ **شرکت مفاوضہ** -

یہ ہے کہ دو شخص شرکت کریں آپس میں اسطرح کہ وہ دونوں مال میں برابر ہوں اور تصرف کرنے میں برابر ہوں اور دین میں بھی دونوں برابر ہوں

۲ **شرکت عنان** -

یہ منعقد ہوتی ہے وکالت پر نہ کہ کفالت پر اور اس شرکت میں مال کے اندر کمی بیشی جائز ہے

**شرکت صنائع** - یہ ھے کہ دو شخص اسطرح شرکت کریں۔ اس شرط پر شرکت کریں کہ وہ دونوں ملکر کام کریں گے اور نفع دونوں میں تقسیم ھوگا

**شرکت وجوہ** - یہ ھے کہ دو شخص اسطرح شریک ھوں کہ دونوں کی طرف سے مال نہ ھو بلکہ وہ اپنے طریقے سے خریدیں گے اور بیچیں گے اور نفع دونوں کے درمیان نصف نصف تقسیم ھوگا

## کتاب المضاربت

لغوی معنی زمین پر سختی سے مارنا

اصطلاحی - نفع میں اسطرح شرکت کرنا کہ شریکین میں سے ایک کی طرف سے مال ھو اور دوسرے کی طرف سے کام اب جو نفع حاصل ھوگا دونوں میں مشترک ھوگا

**حکم** - مضارب کے پاس جو مال ھوگا اور اگر وہ مال اس کے پاس امانت ھوگا اور جب وہ اس مال کو خرید کریگا تو اس مال کا وکیل ھوگا اور جب نفع حاصل ھوگا تو اس میں شریک ھوگا اور اگر رب المال کی شرط کے خلاف کام کیا تو وہ غاصب ھوگا اور اجارہ فاسد ھو جائیگا اور اجرت مثل واجب ھو جائے گی

### اصطلاحات

رب المال — جو مالک ھوگا اسے رب المال کہتے ھیں

مضارب — جو مضاربت پر کام کرنیوالا ھوگا

راس المال — ثمن کو راس المال کہتے ھیں

## کتاب الوکالۃ

لغوی معنی سپرد کرنا کسی چیز کو

اصطلاحی - معلومہ تصرفات کے اندر کسی غیر کو اپنی جگہ قائم مقام کر دینا

**حکم**

(وکالت کے چار ارکان ہیں)

موکل - وکیل بنانے والا — موکل فیہ - جس کام کے لیے وکیل بنایا

موکل خود وکیل — صیغہ - جن الفاظ سے وکیل بنایا جائے

(1) صیغہ خاص — خاص چیز کا وکیل بنانا (2) صیغہ عام - تمام معاملات کا وکیل بنانا

## کتاب الکفالة - لغوی معنی ملانا

اصطلاحی - مطالبہ کرنے میں ایک کے ذمے کو دوسرے کے ذمے کے ساتھ ملا دینا اسکا رکن ایجاب و قبول ہیں

## حکم

## اصطلاحات

کفیل ـــ کفالت کرنیوالا

مکفول عنہ ـــ مقروض

مکفول بہ ـــ جس کی کفالت کی جائے

مکفول لہ ـــ قرضخواہ

## کتاب الحوالة - لغوی معنی نقل کرنا

اصطلاحی - دین کو منتقل کر دینا ایک کے ذمے سے دوسرے کے ذمہ پر

**حکم** - جب حوالہ مکمل ہو جائے تو محیل حوالے سے بری ہو جائیگا

## اصطلاحات

محیل ـــ مقروض

محتال لہ محال لہ ـــ جسکا دین ہو

محتال علیہ ـــ جس پر قرضہ ڈالا جائے

محتال بہ ـــ چیز کو کہتے ہیں

## کتاب الحجر - لغوی معنی روکنا

اصطلاحی - کسی شخص کے قولی تصرفات کو روک دینا

**حکم** - ان تینوں کیلئے (غلام، بچہ، مجنون) حجر واجب ہوتا ہے احوال میں نہ کہ افعال میں

## حجر کس پر واجب ہوتا ہے

تین شخصوں پر حجر کرنا واجب ہے ۱ چھوٹا بچہ ۲ غلام ۳ مجنون

## کتاب الصلح۔ لغوی معنی جھگڑا ختم کر دینا

اصطلاحی - ایسا عقد جو جھگڑے اور خصومت کو ختم کر دے ، اسکا رکن ایجاب و قبول ہے

**حکم**۔ جس مال پر صلح ہوئی مدعی اسکا مالک بن جائیگا اور جس چیز پر جھگڑا ہو رہا تھا مدعی علیہ اسکا مالک بن جائیگا مدعی اس چیز کا مطالبہ مدعی علیہ سے نہیں کرسکتا

## کتاب الھبہ۔ لغوی معنی تبرع کرنا ، نیکی کرنا کسی کے ساتھ بھلائی کرنا

اصطلاحی - اعیان کا بغیر عوض کے مالک بنا دینا اسکا رکن ایجاب و قبول ہے

**حکم**۔ قبضہ کرنے سے ھبہ مکمل ہو جاتا ہے

## اصطلاحات۔

واھب ــــ ھبہ کرنیوالے کو کہتے ہیں

موھوب ــــ جس چیز کو ھبہ کیا جائے

موھوب لہ ــــ جس کیلئے ھبہ کیا جائے

عطاری بابو

**کتاب الوقف** - لغوی معنی روکنا
اصطلاحی - کسی چیز کو اپنی ملک سے نکال کر خالصتاً رب تعالیٰ کی ملک کر دینا اس طرح کہ اسکا نفع بندگان خدا میں سے جسے چاہے ملتا ہے

**حکم** - شے موقوف واقف کی ملک سے خارج ہو جاتی ہے مگر موقوف علیہ اس کی ملک میں داخل نہیں ہوتی بلکہ خالصتاً اللہ عزوجل کیلئے قرار پاتی ہے

**اصطلاحات** -

واقف — شے وقف کرنیوالا

موقوف علیہ — جس پر شے کو وقف کیا جائے

موقوف، وقف — جو شے دی جائے (وقف کے طور پر)

**کتاب الغصب** - لغوی معنی - غیر سے کوئی چیز زبردستی چھین کر حاصل کرنا
اصطلاحی - قابل احترام چیز کو حاصل کرنا مالک کی اجازت کے بغیر اسطرح کہ وہ مالک کی ملک اس سے زائل ہو جائے -

**حکم** - اگر معلوم ہو کہ دوسرے کا مال ہے تو غاصب گنہگار ہے اور اگر چیز موجود ہو تو مالک کو واپس کر دے اور اگر چیز موجود نہ ہو تو تاوان دے اگر معلوم نہ ہو کہ مال پرایا ہے تو اسکا حکم مال ہونے کی صورت میں واپس کرنا اور نہ ہونے کی صورت میں تاوان دینا لیکن اس صورت میں گنہگار نہ ہوگا

**کتاب الودیعة** - لغوی معنی چھوڑنا
اصطلاحی - دوسرے شخص کو اپنے مال کی حفاظت کیلئے مقرر کرنے کو ایدا اور اس مال کو ودیعت کہتے ہیں

**حکم** - وہ چیز مودَع کے پاس امانت ہوتی ہے اور اسکی حفاظت مودَع پر واجب ہے اور مالک کے طلب کرنے پر دینا واجب ہوتی ہے

**اصطلاحات** -

مودَع — امانت لینے والا

مودِع — امانت دینے والا

## کتاب العاریة۔ لغوی معنی شئے کا ادھار کرنا

اصطلاحی۔ بغیر عوض کے منافع کا مالک بنانا

**حکم۔** عاریت والی چیز مستعیر کے پاس امانت ہوتی ہے

### اصطلاحات

مالک کو معیر کہتے ہیں

مستعیر ۔ جس کو چیز دی

مستعار ۔ چیز کو کہتے ہیں

## کتاب اللقیط۔ لغوی معنی زمین سے اٹھایا جانا

اصطلاحی۔ لقیط اس بچے کو کہتے ہیں کہ جس کو گھر والوں نے پھینکا دیا ہو تنگ دستی کی وجہ سے یا بدنامی کے خوف سے

**حکم۔** اگر وہ بچہ شہر میں ملے تو اسے اٹھانا مستحب اور اگر وہ جنگل میں ملے تو اسے اٹھانا واجب ہے

## کتاب اللقطہ۔ لغوی معنی گری چیز کو اٹھانا

اصطلاحی۔ زمین سے گری ہوئی چیز کو اٹھانا

**حکم۔** اگر وہ چیز دس درھم سے کم کی ہے تو اسکی چند دن تشہیر کی جائیگی اگر دس درھم سے زیادہ ہو تو اسکی تشہیر ایک سال تک کی جائیگی

## کتاب المفقود۔ لغوی معنی گم جانا

اصطلاحی۔ مفقود وہ ہوتا ہے جسکا پتہ نہ ہو کہ وہ مر گیا ہے یا زندہ ہے

### اختلاف ائمہ مدت انتظار کے بارے میں مفقود کی

امام اعظم فرماتے ہیں 120 سال تک انتظار کیا جائے گا
امام مالک کے نزدیک 4 سال اور امام ابو یوسف کے نزدیک 100 سال تک انتظار کیا جائیگا اور امام محمد کے نزدیک 90 سال تک انتظار کیا جائیگا

**کتاب الاحیاء** - لغوی معنی ~~بنجر~~ زندہ کرنا
اصطلاحی بنجر زمین کو قابل کاشت بنانا

**الاموات** - لغوی معنی خراب زمین
ایسی زمین جسکا ~~[illegible]~~ اسلام میں مالک نہ ھو (اس زمین کے مالک کا پتہ نہ ھو) گاؤں کے ایک کنارے سے آواز لگائی جائے اور اس زمین کی جگہ وہ آواز نہ پہنچے تو وہ موات ھے بشرط یہ کہ وہ زمین بستی سے تھوڑے فاصلے پر ھو۔

**حکم** - جو حاکم کی اجازت کے ساتھ زمین کو قابل کاشت بنائے وہ اسکا مالک ھو جائے گا ۔ امام اعظم فرماتے ھیں اگر اس نے بغیر حاکم کی اجازت سے زمین کو قابل کاشت بنایا تو وہ اسکا مالک نہ ھوگا جبکہ عند صاحبین مالک ھو جائیگا

**کتاب المزارعة** -
لغوی معنی بیج بونا اصطلاحی معنی کسی کو اپنی زمین اس طور پر دینا کاشت کیلئے کہ جو کچھ پیداوار ھوگی دونوں میں نصف نصف یا ایک تہائی یا دو تہائی تقسیم ھوگی ۔

**اختلاف ائمہ** - امام اعظم علیہ الرحمہ کے نزدیک مزارعت ثلث اور ربع میں باطل ھے اور صاحبین کے نزدیک جائز ھے (وعلیہ الفتوی)

**مزارعت کی چند صورتیں ان میں سے ایک صورت باطل ھے**

1. جب زمین اور بیج ایک کی طرف سے ھو اور کام، بیل دوسرے کی طرف سے تو یہ جائز ھے
2. جب زمین ایک کی طرف سے ھو اور بیج، کام اور بیل ایک کی طرف سے تو یہ جائز ھے
3. جب زمین اور بیج اور بیل ایک کی طرف سے اور کام دوسرے کی طرف سے تو یہ جائز ھے
4. جب زمین اور بیل ایک کی طرف سے ھو بیج اور کام دوسرے کی طرف سے تو یہ باطل ھے

**کتاب المساقاۃ** - لغوی معنی سیراب کرنا۔ درختوں کو دینا اس بندے کی طرف جو ان میں پھل کے برآمد ہونے تک حفاظت کرے

اصطلاحی - باغ یا درخت کسی کو اس لئے دینا کہ وہ اس کی خدمت کرے جو کچھ پیداوار ہوگی اسکا ایک حصہ کام کرنیوالے کو اور ایک مالک کو دیا جائے گا اور اسے معاملہ بھی کہتے ہیں

**حکم** - یہ عقد دونوں جانب سے لازم ہوتا ہے بعد عقد دونوں میں سے کسی ایک کو بغیر عذر کے منع کرنے کی اجازت نہیں اور نہ ہی دوسرے کی رضامندی کے بغیر فسخ کر سکتا ہے اس کے جواز پر علماء کرام کا فتویٰ ہے

**اختلاف ائمہ** -

امام اعظم کے نزدیک مساقاۃ جائز نہیں جبکہ صاحبین کے نزدیک جائز ہے

**کتاب النکاح** - لغوی معنی ملانا

اصطلاحی - قصداً ایسا عقد کرنا جو ملک مُتعہ (بُضع) (وطی) کا فائدہ دے اسکا رکن ایجاب اور قبول ہیں

**حکم** - مرد کیلئے ملک وطی کا حلال ہوجانا

**نکاح کیلئے کس کس کی گواہی قابل قبول ہوگی**

نکاح منعقد ہوگا دو آزاد عاقل بالغ مسلمانوں کی گواہی کے ساتھ یا ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی کے ساتھ یہ گواہ عادل ہوں یا غیر عادل اگرچہ انکو قذف (تہمت) کی وجہ سے سزا مل گئی ہو۔

**کتاب الرضاع** - لغوی معنی چوسنا

اصطلاحی - آدمی (الانسان) کا مخصوص مدت میں چھاتی سے دودھ چوسنا -

**حکم** - جب دودھ مدت رضاعت میں چوسا گیا تو اس سے تحریم حاصل ہو جائے گی

**اختلاف ائمہ - فی مدت الرضاع**

**مسئلہ** - امام اعظم کے نزدیک مدت رضاعت اڑھائی سال ہے۔

صاحبین کے نزدیک دو سال ہیں

امام شافعی کے نزدیک بھی دو سال ہیں

**کتاب الطلاق** - لغوی معنی بند کھولنا

اصطلاحی - مخصوص الفاظ کے ساتھ نکاح کی قید کو اٹھا دینا

**حکم** - عدت پوری ہونے کے ساتھ فرقت واقع ہو جائیگی

**طلاق کی قسمیں** —— - طلاق کی تین قسمیں ہیں

۱ **طلاق احسن** یہ ہے کہ مرد اپنی عورت کو ایک طلاق دے ایک طہر میں اور اس طہر میں اس سے جماع نہ کیا ہو

۲ **طلاق حسن** یہ ہے کہ مرد اپنی مدخولہ بیوی کو طلاقیں دے تین، تین طہروں میں

۳ **طلاق بدعت** یہ ہے کہ مرد اپنی عورت کو ایک لفظ کے ساتھ تین طلاقیں دے یا ایک طہر میں تین طلاقیں دے -

**طلاق کے چند صریح الفاظ** - طلاق رجعی واقع ہوگی صریح الفاظ سے

انت طالق، مطلقۃ، طلقتك، طلاغ، طلاک، تلاک، تلاک ہے، میں نے تجھے طلاق دیا، میں نے تجھے چھوڑا، فارغ خطی، فارخطی، فارکھتی، اے طلاقن،

**طلاق کے چند کنایہ الفاظ** - کنایہ الفاظ سے طلاق بائن واقع ہوگی

جا، نکل، چل، روانہ ہو، اٹھ، کھڑی ہو، پردہ کر، جگہ چھوڑ، گھر خالی کر، دور ہو

چل دور، اے خالی، اے بری، تو جدا ہے، رستہ ناپ، جال دکھا

**باب الرجعۃ** - لغوی معنی لوٹنا

اصطلاحی - عدت کے اندر عورت کو پہلے نکاح پر باقی رکھنا

**حکم** - رجوع کرنے سے عورت اس پر حلال ہو جائیگی

**كتاب الايلاء** - لغوی - قسم اٹھانا

اصطلاحی - بیوی کے قریب نہ جانے کی قسم اٹھانا مخصوص مدت کیلئے یا ہمیشہ کیلئے

**حکم** - جب وہ اپنی قسم کو پورا کرلے تو طلاق بائن واقع ہو جائیگی

**كتاب الخلع** - لغوی معنی زائل کرنا

اصطلاحی - مال کے بدلے نکاح کو زائل کرنا عورت کی رضامندی کیساتھ

**حکم** - خلع سے طلاق بائن واقع ہو گی

**كتاب الظهار** - لغوی - پیٹھ

اصطلاحی - مسلمان کا اپنی بیوی کو تشبیہ دینا محرمات سے کسی مخصوص عضو کیساتھ

**حکم** - ظہار کرنے سے عورت اس پر حرام ہو جاتی ہے جب تک کفارہ ادا نہ کرے

**کفارہ ظہار** -

غلام کو آزاد کرنا، وگرنہ دو ماہ کے لگاتار روزے رکھنا، اگر انکی استطاعت نہ ہو تو 60 ~~روزے رکھنا~~ مسکینوں کو کھانا کھلانا دو وقت کا۔

**كتاب اللعان** لغوی دھتکارنا

اصطلاحی - ایسی گواہیاں جو جاری ہوئیں ہیں زوجین کے درمیان اور ملی ہوئی ہوئیں ہیں لعن اور غضب سے

**حکم** - اگر مرد جھوٹا ثابت ہو جائے تو اس کو حد قذف لگائی جائے اگر عورت جھوٹی ثابت ہو جائے تو اسے سنگسار کیا جائے

**كتاب العدة** - لغوی - گننا، شمار کرنا

اصطلاحی - زوال نکاح کے بعد عورت کا رک جانا لازم ہو جاتا ہے

**حکم** - دوران عدت عورت کا گھر سے باہر نکلنا حرام ہے

**کتاب النفقات** ۔ لغوی ، خرچہ

اصطلاحی۔ انسان کا اپنی بیوی کو مال ، مکان اور کپڑا دینا

**اسباب نفقہ** ، زوجیت ، قرابت ، ملک ۔

**حکم** ۔

**کتاب الجنایات** ۔ لغوی معنی ۔ زیادتی کرنا

اصطلاحی ۔ ایسی زیادتی جو واقع ہو جان میں یا اطراف میں (ہاتھ پاؤں وغیرہ)

**قتل کی پانچ قسمیں ہیں**

1 **قتل عمد** ۔ کسی کو دھاری دار آلہ سے قتل کرنا مثلاً تلوار ، چھری یا دھاری دار پتھر وغیرہ

**حکم** ۔ ایسا شخص نہایت گنہگار ہے پر کفر کے بعد گناہوں میں سے سب سے بڑا گناہ ہے اور قتل کرنے والے پر قصاص لازم ہوگا مگر یہ کہ مقتول کے اولیاء معاف کر دیں

2 **شبہ عمد** ۔ یہ ہے کہ کسی کو قصداً قتل کیا جائے مگر اسلحہ سے اور جو اسلحہ کے قائم مقام اس سے قتل نہ کرے مثلاً کسی کو لاٹھی سے مارنا

**حکم** ۔

اس پر کفارہ واجب ہے اور قاتل کے عصبہ پر دیت مغلظہ واجب ہے جو تین سال میں ادا کی جائے گی

3 **قتل خطاء** اس کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ قاتل کے گمان میں غلطی واقع ہوئی مثلاً جسکو شکار سمجھ کر قتل کیا وہ شکار نہ تھا بلکہ انسان ہے

دوسری صورت یہ ہے کہ اس کے فعل میں غلطی واقع ہوئی مثلاً شکار پر گولی چلائی اور وہ گولی انسان کو لگ گئی

**حکم** قاتل پر کفارہ واجب ہے اور اسکے ورثہ پر دیت واجب ہے

4. قائم مقام خطاء۔ جیسے کوئی شخص سوتے میں کسی پر گرا اور یہ مر گیا یا چھت سے کسی پر گرا اور وہ مر گیا

حکم۔ قاتل پر کفارہ واجب اور ورثہ پر دیت واجب ہے

5. قتل بسبب۔ جیسے کسی شخص نے دوسرے کی ملک میں کنواں کھدوایا یا راستے میں پتھر یا لکڑی رکھ دی اور کوئی شخص کنویں میں گر کر یا ٹھوکر کھا کر (پتھر، لکڑی سے) مر گیا

حکم۔ قاتل پر کفارہ نہیں مگر ورثہ پر دیت واجب ہے

## کتاب الدیات

لغوی مال

اصطلاحی۔ وہ مال جو کسی جان یا عضو کے عوض میں لازم ہوا ہو

حکم۔ دیت تین قسم کے مالوں سے ادا کی جائے گی 1. 100 اونٹ 2. 1000 دینار 3. 10000 درھم (تینوں میں قاتل کو اختیار ہے)

الشجاج عشرۃ۔ زخم کی دس قسمیں ہیں اور جو زخم سر یا چہرے پر لگے اسے شجاج اور جو ان کے علاوہ اجزاء پر لگے وہ جرح کہلاتا ہے

1. حارصہ۔ ایسا زخم جس سے جلد ظاھر ہو جائے

2. دامعہ۔ ایسا زخم جس سے خون ظاھر ہو لیکن بہے نہ

3. دامیہ۔ ایسا زخم جس سے خون ظاھر ہو اور وہ بہنے لگے

4. باضعہ۔ ایسا زخم جس سے گوشت کٹ جائے

5. متلاحمہ۔ ایسی چوٹ جو دماغ تک نہ پہنچے

6. سمحاق۔ ایسی چوٹ جو نرم ہڈی اور گوشت کے درمیان ہو

7. موضحہ۔ ایسی چوٹ جس سے ہڈی ظاھر ہو جائے

8 ہاشمہ۔ ایسی چوٹ جو ہڈی کو توڑ دے
9 منقلہ۔ ایسی چوٹ جس سے ہڈی دوسری جگہ منتقل ہو جائے
10 آمّہ۔ ایسی چوٹ جو دماغ تک پہنچ جائے

نوٹ۔ ان تمام اقسام میں سے صرف موضحہ میں قصاص لازم آئے گا
قصاص برابری میں دیا جاتا ہے اور یہاں برابری ممکن نہیں۔

باب القسامہ۔ لغوی مطلق قسم اٹھانا
اصطلاحی۔ مخصوص تعداد کے ساتھ مخصوص بندوں میں مخصوص سبب پر قسم اٹھانا

حکم۔ محلہ داروں کے قسم اٹھانے کے بعد تمام پر مشترکہ طور پر دیت واجب ہو جائے گی جس کو تین سال کے اندر اندر ادا کرنا لازم ہو جائے گا اگر اہل محلہ انکار کر دیں تو انہیں قید کر لیا جائے گا حتی کہ وہ قسم اٹھائیں

کتاب المعاقل۔ لغوی دیت، روکنا

اصطلاحی۔ اس سے مراد یہ ہے کہ انسان اسکی وجہ سے جرائم اور گناہوں سے بچ جاتا ہے
دیت کسے کہتے ہیں۔
خون بہانے کی وجہ سے جو عاقلہ پر لازم ہوتا ہے اسے دیت کہتے ہیں۔

حکم۔

کتاب الحدود۔ لغوی روکنا
اصطلاحی تعریف
اصطلاحی۔ جو گناہ کرنے سے روکنے کیلئے قائم کی جائے) یا (وہ سزا جسے رب تعالی نے مقرر فرمایا۔

حکم۔ اس سزا میں نہ زیادتی ہو سکتی ہے نہ ہی کمی بادشاہ وقت کو بھی اس میں کمی بیشی کا اختیار نہیں

# الزنا یثبت بالبینۃ والاقرار - ائمہ کا اختلاف

احناف کے نزدیک زانی چار بار بغیر زبردستی کے زنی کا اقرار کریگا پھر اس پر حد قائم کی جائے گی دلیل یہ ہے کہ ایک شخص سے سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں زنی سرزرد ہوا تو وہ حاضر خدمت ہوا آپ نے اس سے چار بار اقرار کروایا پھر اس پر حد کا حکم جاری فرمایا ۔۔

امام شافعی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ ایک بار ہی اقرار کرنے سے حد جاری ہوگی

## اگر شادی شدہ زنی کا اقرار کرے تو کیا حکم ہوگا؟

اسے رجم کیا جائے گا جبکہ وہ عاقل، بالغ، آزاد مسلمان ہو اور نکاح صحیح کرنے کے بعد اپنی بیوی سے وطی کی ہو اور زنی کرنے کے بعد بھی وہ دونوں شادی کی صفت پر ہوں یعنی جس سے شادی ہوئی وہ اور یہ خود (نہ کہ جس سے زنی کیا)

# کتاب الاضحیہ - لغوی: بھیڑ یا بکری ذبح کرنا

اصطلاحی، مخصوص جانور کو مخصوص دن میں مخصوص شرائط (کیساتھ) بنیت تقرب الی اللہ کیلئے ذبح کرنا

## قربانی کرنا سنت ہے یا سنت موکدہ (اختلاف ائمہ)

امام شافعی اور صاحبین کا مذہب یہ ہے کہ قربانی کرنا سنت ہے دلیل یہ ہے کہ سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تمہارے باپ کی سنت ہے ۔۔

امام اعظم کے نزدیک قربانی کرنا سنت موکدہ ہے دلیل رب تعالی نے سورۃ کوثر میں قربانی کرنے کا حکم دیا اور امر وجوب کا تقاضہ کرتا ہے لحاظہ قربانی کرنا سنت موکدہ ہے ۔ اور سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو صاحب استطاعت ہونے کے باوجود قربانی نہ کرے وہ ہماری عیدگاہ کے قریب نہ آئے یہ فرمانا وعید کیلئے تھا اور وعید واجبات کے ترک کرنے پر آتی ہے ۔

**حکم** - قربانی واجب ہے آزاد مقیم صاحب نصاب مسلمان پر عید کے دن

## کتاب الایمان ۔ لغوی معنی قوت

اصطلاحی ۔ ایسا عقد قوی جس کو کرنے والا اللہ تعالیٰ کے نام یا صفات کے ساتھ کسی کام کے کرنے یا کسی کام کو نہ کرنے کا قصد کرے

### قسم کی تین قسمیں ہیں

**1۔ یمین غموس**

ماضی میں کسی کام پر جھوٹی قسم اٹھانا ۔۔ اس قسم کو اٹھانے والا گنہگار ہوگا اور اس پر کفارہ نہیں ہوگا مگر توبہ و استغفار

**2۔ یمین منعقدہ** مستقبل میں کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے پر قسم اٹھانا

**حکم** ۔ جب وہ حانث ہوگا تو کفارہ لازم ہو جائے گا

**3۔ یمین لغو** امر ماضی پر قسم اٹھانا یہ گمان کرتے ہوئے کہ ~~جیسے~~ جیسا اس نے کہا ایسا ہی ہے حالانکہ ایسا نہ ہو

**حکم** ۔ یہ امید ہے کہ رب تعالیٰ اس کے کرنے والے سے مواخذہ نہ لے گا

### کفارۃ الیمین

سب سے پہلے لونڈی (رقبہ) آزاد کرنا ورنہ دس مساکین کو کپڑے ڈلوانا ایسے کپڑے جو نماز کیلئے کفایت کریں اگر چاہے تو دس مساکین کو دو وقت کا کھانا کھلائے اگر ان پر قدرت نہ ہو تو تین دن لگاتار روزے رکھے

## کتاب الدعویٰ ۔ وہ قول جسکا انسان ایجاب حق کے غیر پر قصد کرے

اصطلاحی ۔ اپنے نفس کی طرف حالت منازعہ میں کسی چیز کی اضافت کرنا

**حکم**

حلہ —

**کتاب الشہادات** - لغوی، گواہی دینا
اصطلاحی، حق کو ثابت کرنے کیلئے سچی خبر دینا

**حکم** - جب اسکی شرائط پائی جائیں تو قاضی پر ادا کروانا لازم ہو جاتا ہے

**شرائط** - ۱ عقل کامل ۲ ضبط کامل ۳ ولایت کامل
لفظ اشہد اسکا رکن ہے

**کتاب الاکراہ** - لغوی - کسی کام کے کرنے پر مجبور کرنا
اصطلاحی - غیر کو مجبور کرنا اس کام پر جس میں نہ اسکا اختیار ہو اور نہ ہی رضا

**اصطلاحات** - مکرِہ مجبور کرنے والے کو - مکرَہ جس کو مجبور کیا گیا

**حکم** مکرہ شرعی معذور ہے لہذا مجبوری کی بنا پر کیئے گئے ناپسندیدہ فعل کے ارتکاب پر اس سے کوئی مواخذہ نہ ہوگا

**اقسام** اسکی دو قسمیں ہیں

۱ **ملجی** وہ جس میں جان جانے یا عضو کے کٹنے کا خوف ہو

۲ **غیر ملجی** وہ جس میں جان جانے یا عضو کٹنے کا خوف نہ ہو بلکہ اسی مارنے یا قید کرنے کی دھمکی دی گئی ہو

**کتاب الحظر والاباحۃ** - لغوی - منع کرنا یا روکنا
اصطلاحی جس چیز کو استعمال کرنے سے شرعاً منع کیا گیا ہو

**حکم** - [illegible]

22/572

## عزل کسے کہتے ہیں -

منی کو فرج داخل کر کے باہر خارج کرنا وطی کرنے کے بعد

## کتاب الوصایا

ملکیت کو مرنے کے بعد مضاف کرنا

## اصطلاحات

موصی — وصیت کرنے والا

موصی لہ — جس کیلئے وصیت کی گئی

موصی بہ — جس چیز کی وصیت کی گئی

وصی — جس کو وصیت کی جائے

**شرائط** 1 موصی مالک بنانے کا اہل ہو ،

2 دین میں مشغول نہ ہو ،

3 موصی لہ وصیت کرتے وقت زندہ ہو

4 جسکو وصیت کی ہو نہ وہ وارث ہو اور نہ ہی قاتل

5 موصی بہ موصی کے مرنے کے بعد جس چیز کی وصیت کی گئی ہو وہ قابل اعتماد بھی ہو ( مالک بننے کی صلاحیت ہو

**حکم** - [illegible]

یا

وصیت کا مال موصی لہ کی ملکیت میں اس طرح داخل ہو جاتا ہے جیسے ہبہ کیا ہوا مال

Attaullah

عطاری بالو